فوری ریلیز کے لیے: 30/11/2022 

گورنر KATHY HOCHUL

***گورنر HOCHUL نے البانی اور ہارلم میں پلازہ سیزن میں موسم سرما کے آغاز کا اعلان کیا***

***امپائر اسٹیٹ پلازہ رِنک 2 دسمبر کو کھل رہا ہے جبکہ سیزن کا پہلا ہینا فورڈ فری سکیٹ رینٹل سیٹرڈے 3 دسمبر کو ہو گا***

***4 دسمبر کو ہائی مارک بلیو شیلڈ آف نارتھ ایسٹرن نیو یارک کی طرف سے امپائر اسٹیٹ پلازہ میں ریاست نیو یارک ہالیڈے ٹری لائٹنگ اور آتش بازی کا میلہ***

***8 دسمبر کو ہارلم میں ایڈم کلیٹن پاول، جونئیر ریاستی آفس بلڈنگ پلازہ میں ہالیڈے ٹری لائٹنگ کا جشن***

گورنر Kathy Hochul نے آج جمعہ 2 دسمبر کو البانی کے امپائر اسٹیٹ پلازہ میں پلازہ سیزن میں موسم سرما کے باضابطہ آغاز اور جمعرات، 8 دسمبر کو ہارلم میں ایڈم کلیٹن پاول، جونیئر ریاستی آفس بلڈنگ میں سالانہ ٹری لائٹنگ کا اعلان کیا۔

"میں موسم سرما کے ان بہت سے تہواروں کے آغاز کا اعلان کرتے ہوئے بہت پرجوش ہوں جو نیو یارک پیش کرتا ہے اور میں اس موسم کو منانے کے لیے اس سے بہتر کوئی طریقہ نہیں سوچ سکتی،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "میں نیو یارک کے تمام شہریوں کو ان تقریبات سے استفعادہ کرنے کی ترغیب دیتی ہوں اور دفتر برائے جنرل سروسز اور امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کی ٹیمز اور البانی اور ہارلم میں ان سالانہ روایات کی معاونت کے لیے ہمارے سپانسرز کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔"

**البانی اور ہارلم میں تقریبات کا شیڈول**

- ***امپائر "اسکیٹ" پلازہ آئس رنک کا یومِ افتتاح:*** جمعہ، 2 دسمبر، دوپہر سے رات 8 بجے تک، پلازہ رنک ایک بار پھر سیزن کے لیے منصوبہ بند متعدد مفت تقریبات اور سرگرمیوں میں اہم کردار ادا کرے گا، جو جمعہ 2 دسمبر کو پلازہ آئس رنک میں یوم افتتاح کے ساتھ شروع ہوں گی، اگر موسم نے اجازت دی، جس میں DJ کیچپ شام 6 سے 8 بجے تک موسیقی فراہم کریں گے۔

- ***سیزن کا پہلا ہینافورڈ مفت اسکیٹ کرایہ پر لینے کا سیٹرڈے:*** ہفتہ 3 دسمبر۔امپائر سٹیٹ پلازہ آئس رِنک میں سیزن 23-2022 کے ہر ہفتے کو مفت سکیٹ کرایہ پر پیش کیے جائیں گے، بشکریہ ہینافورڈ سپر مارکیٹس۔
- ***ہائی مارک بلیو شیلڈ آف نارتھ ایسٹرن نیو یارک کے پیش کردہ* اور ہڈسن موہاک فگر اسکیٹنگ کلب کے زیر اہتمام سیزن کے اسکیٹنگ سیکھنے کے پہلے کلینکس:** ہفتہ 3 دسمبر۔ 45 منٹ کے یہ کلینکس صبح 9 بجے، 10 بجے اور 11 بجے شروع ہوں گے۔ مزید کلینکس 7 جنوری، 4 فروری اور 4 مارچ 2023 کو پیش کیے جائیں گے۔ آن لائن پیشگی رجسٹریشن درکار ہے جو کہ empirestateplaza.ny.gov پر کی جا سکتی ہے۔ براہ مہربانی ننھے سکیٹرز کو گرم کپڑے، ٹوپیاں، دستانے اور موزے پہنانا یاد رکھیں۔
- ***دی گریٹ ٹرین ایکسٹراوگنزا:*** اتوار، 4 دسمبر، صبح 10 بجے سے سہ پہر 4:00 بجے تک، امپائر اسٹیٹ پلازہ کنونشن سینٹر۔ نیو یارک کے سب سے بڑے ماڈل ریل روڈ اور کھلونا ٹرین کے شوق والے شوز میں

سے ایک، جس میں درجنوں دکاندار شامل ہوتے ہیں جو فروخت کے لیے نئی اور استعمال شدہ ٹرینز کے علاوہ پرزے، کپڑے، یادگاری اشیاء، تصاویر اور لوازمات پیش کرتے ہیں۔ ٹکٹ والی اس تقریب میں ریل روڈ کی تاریخ اور نوادرات بھی شامل ہوں گے اور امپائر اسٹیٹ پلازہ کنکورس پر سواری کے لیے ایک رومنگ ریل روڈ بھی ہو گی۔ ٹکٹ بالغوں کے لیے 7$ میں اور 12 سال اور اس سے کم عمر کے بچوں کے لیے مفت ہیں۔

- ***ہائی مارک بلیو شیلڈ آف نارتھ ایسٹرن نیو یارک کی پیش کردہ ریاست نیو یارک ہالیڈے ٹری لائٹنگ:*** اتوار، 4 دسمبر، دوپہر سے رات 8 بجے تک۔ بیرونی سرگرمیوں کے ساتھ موسم کا جشن منائیں جو یقیناً پورے خاندان کو پسند آئیں گی، بشمول لائیو موسیقی کے ساتھ راک اینڈ سکیٹ والی ایک دوپہر، ہڈسن موہاک فگر اسکیٹنگ کلب کی طرف سے سکیٹنگ کے مظاہرے، ٹوبا کرسمس کی پرفارمنسز، رسٹی پائیپس کے ساتھ کیرولنگ، برف سے مجسمہ سازی کے مظاہرے اور پلازہ میں کارنراسٹون میں سانتا کے ساتھ تصویر کھنچوانے کے مواقع۔ اسٹیورٹس شاپ دستیاب مقدار ختم ہونے تک ایگنوگ اور ہالیڈے کے ذائقے والی کافی کے نمونے پیش کرے گی۔ پلازہ میں کارنر اسٹون پر کھانے پینے کی اشیاء بھی خریداری کے لیے دستیاب ہوں گی۔ ٹری لائٹنگ اور آتش بازی کی باقاعدہ تقریب، نیوز ABC 10 کی مارننگ ٹیم کی میزبانی میں، شام 5:15 پر شروع ہو گی۔ OGS اس تقریب کے لیے امپائر اسٹیٹ پلازہ میں مفت پارکنگ فراہم کرے گا۔

- **ایڈم کلیٹن پاول، جونیئر اسٹیٹ آفس بلڈنگ پلازہ میں نیو یارک اسٹیٹ ہالیڈے ٹری لائٹنگ،** جمعرات، 8 دسمبر، شام 5:30 سے 7:30 بجے تک۔ عوام کو دعوت دی جاتی ہے کہ وہ اپنے خاندان اور دوستوں کو اس مفت تقریب میں لائیں، جس کا اہتمام OGS نے ہارلم پرزنٹس کے پروموٹر Greg Mays کے تعاون سے کیا ہے۔ خاندان کے لیے مزیدار سرگرمیوں اور لائیو تفریح سے بھرپور اس شام میں موسیقی کی پرفارمنسز، سانتا کی آمد، ٹرین کی سواری، تحائف اور اسٹار بکس کی جانب سے، دستیاب مقدار ختم ہونے تک، مفت ہاٹ چاکلیٹ شامل ہوں گے۔ درختوں پر چراغاں کیے جانے کی باقاعدہ تقریب شام 6:30 بجے شروع ہوگی۔ ایڈم کلیٹن پاول، جونیئر اسٹیٹ آفس بلڈنگ، 163 ویسٹ 125ویں اسٹریٹ پر واقع ہے۔

**نیویارک اسٹیٹ آفس آف جنرل سروسزکی کمشنر Jeanette Moy نے کہا،** "امپائر 'اسکیٹ' پلازہ کو سردیوں کے ایک زبردست مقام میں تبدیل کرنے کی سالانہ روایت کو جاری رکھنا ایک اعزاز کی بات ہے اور اس میں ایسی سرگرمیاں ہیں جو آنے والوں کو موسم سرما کے دوران متحرک رہنے کے تفریحی طریقے فراہم کرتی ہیں۔ ٹیم OGS، ہارلم میں ایڈم کلیٹن پاول جونیئر اسٹیٹ آفس بلڈنگ پلازہ میں ایک درخت پر چراغاں کرنے کی، ریاست نیو یارک کی دیرینہ سالانہ روایت کو جاری رکھنے کے لیے بھی بہت پرجوش ہے۔ میں ان تقریبات اور جشن کے تمام فراخدل اسپانسرز کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں، جو سیزن کا جشن منانے کے لیے دوستوں، خاندان اور پڑوسیوں کو اکٹھا کرتے ہیں۔"

**امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کے نائب صدر اور سیاحت کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Ross D. Levi نے کہا،** "ریاست نیو یارک کا چھٹیوں کا موسم، سال کا ایک جادوئی وقت ہے اور البانی اور ہارلم کے تہوار خاندان اور دوستوں کے ساتھ وقت گزارنے کا بہترین موقع ہیں۔ ان خصوصی تقریبات کو یکجا کرنا، اور پھر موسم سرما میں آگے جا کر امپائر اسٹیٹ پلازہ آئس رِنک پر اسکیٹنگ، ساتھ میں میوزیم کا دورہ، چھٹیوں کا ایک شو، مقامی کھانوں اور آرام دہ بستر اور ناشتہ فراہم کرنے والے ہوٹل میں قیام مسافروں کو ایسی بہترین چھٹیوں اور یادوں کے ساتھ موسم سے لطف اندوز ہونے کا موقع دیتے ہیں جو زندگی بھر ساتھ رہتی ہیں۔ ہم رہائشیوں اور مہمانوں کی یکساں طور پر حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ سردیوں کے موسم میں ان تفریحات کا حصہ بنیں اور دیکھیں کہ ریاست نیو یارک میں ان کے دل کو سب سے زیادہ کیا چیز بھاتی ہے۔"

**ہائی مارک بلیو شیلڈ آف نارتھ ایسٹرن نیو یارک کمیونٹی کی افیئرز مینیجر Nicky Chlopecki نے کہا،** "آفس آف جنرل سروسز کے ایک دیرینہ شراکت دار کی حیثیت سے، ہائی مارک بلیو شیلڈ آف نارتھ ایسٹرن نیویارک کو چاروں موسموں میں کمیونٹی کے لیے صحت مند سرگرمیاں لانے کی اپنی روایت کو جاری رکھنے پر فخر ہے۔ پلازہ ہماری تمام کمیونٹی کے لیے ایک اجتماعی جگہ ہے اور ہم لرن ٹو اسکیٹ کلینک کے اسپانسر کے طور پر اپنا 14واں سال اور ہالیڈے ٹری لائٹنگ پیش کرنے والے اسپانسر کے طور تیسرا سال مناتے ہوئے سردیوں کے ایک اور موسم کا آغاز کرنے کے لیے پرجوش ہیں۔"

**ہینافورڈ سپر مارکیٹس کی ایکسٹرنل کمیونیکیشنز مینیجر Caitlin Cortelyou نے کہا،** "اس سال امپائر اسٹیٹ پلازہ میں ایک اور دلچسپ موسم سرما کے لیے نیویارک اسٹیٹ آفس آف جنرل سروسز کے ساتھ دوبارہ شراکت کرنا ایک اعزاز کی بات ہے۔ پچھلی دہائی سے، ہینافورڈ نے اسکیٹ کرایہ پر لینے کا ایک مفت پروگرام انڈر رائٹ کیا ہے اور اس کی مقبولیت میں اضافہ دیکھ کر بہت خوشی ہوئی ہے۔ ہم ہر کسی کو ترغیب دیتے ہیں کہ اس موسم سرما میں صحت مند اور فعال رہیں اور اس کا بہترین طریقہ ہفتے کے دن امپائر اسٹیٹ پلازہ میں مفت اسکیٹنگ کے لیے کمربستہ ہونا ہے۔"

**اسپانسرز**

پلازہ میں موسم سرما کی تقریبات کے اسپانسرز میں ہائی مارک بلیو شیلڈ آف نارتھ ایسٹرن NY، ہینافورڈ سپر مارکیٹس، MVP ہیلتھ کیئر، آئی لوّ NY, ہڈسن موہاک فگر اسکیٹنگ کلب، CDTA، اسٹیورٹس شاپس، ٹائمز یونین، PYX 106، نیز؛ 99.5 دی ریور، 98.3 TRY اور NY اسٹیٹ آف ہیلتھ اور نیوز ABC 10 شامل ہیں۔

ہارلم ٹری لائٹنگ کے اسپانسرز میں ہارلم کمیونٹی ڈویلپمنٹ کارپوریشن، WBLS، ہارلم پریزنٹس، دی گریٹر ہارلم چیمبر آف کامرس، پی سی رچرڈ اینڈ سن، NY اسٹیٹ آف ہیلتھ، ٹورو کالج آف میڈیسن اور اسٹاربکس شامل ہیں

**امپائر اسٹیٹ پلازہ آئس رنک کی معلومات**

- **اوقاتِ کار:** دوپہر سے رات 8 بجے تک منگل سے اتوار، موسم سازگار ہونے کی صورت میں۔ ہفتے کے کاروباری ایام میں دوپہر 3:30 سے 4:30 بجے تک بند اور ویک اینڈز اور چھٹیوں پر دوپہر 2 سے 3 بجے تک اور شام 5 سے 6 بجے تک دیکھ بھال کے لیے بند رہتا ہے۔ رنک پیر کے تین دنوں کو کھلا رہے گا: 26 دسمبر اور 16 جنوری اور 20 فروری، 2023۔
- **اسکیٹنگ کرنے کا خرچہ:** مفت
- **اسکیٹ کرایہ پر:** بالغوں کے لیے 4$، 12 سال اور اس سے کم عمر کے بچوں کے لیے 3$۔ اسکیٹس کرائے پر لینے کے لیے ایک تصویری ID درکار ہے۔ ہر ہفتے کو ہینافورڈ فری اسکیٹ رینٹل سیٹرڈے ہوتا ہے۔
- **سہولیات:** لاکرز، کرایہ پر اسکیٹس اور کھانے پینے کی اشیاء رنک سے ملحق شیشے کے پویلین میں دستیاب ہیں۔ نئے اسکیٹرز کے لیے بچوں کے ہیلمٹ اور آئس واکرز/ٹرینرز بھی مفت دستیاب ہیں۔

امپائر "اسکیٹ" پلازہ رنک کی اسٹیٹس کی اپ ڈیٹس اور موسم سرما کے بارے میں پلازہ کی تقریبات اور سرگرمیوں بشمول پارکنگ، راستے کی معلومات اور بنیادی اصولوں کے متعلق اضافی معلومات کے لیے empirestateplaza.ny.gov فیس بک پر EmpireStatePlaza@ اور ٹویٹر پر PlazaEvents@ ملاحظہ کریں یا 474-4759 (518) پر کال کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418